سوال

آدمی نے بیوی سے کہا : اگر تو نے میری بہن اور میرے ماموں سے ایسا اعتراض کیا جو انہوں نے کلام نہیں کی تو تجھے تین طلاق ، اور پچس دن کے بعد بیوی نے بھول کر یہ فعل کرلیا ، اور خاوند یہ چاہتا تھا کہ بیوی اس کی بہن اور ماموں سے جھگڑا نہ کرے ، اور اس کا مقصد طلاق نہیں تھا .

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے ، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر ، بعد ازاں :

مذکورہ طلاق واقع نہیں ہوئی ، اور مذکورہ بیوی اپنے خاوند کے نکاح اور عصمت میں باقی ہے ، کیونکہ اس نے معلق طلاق والا فعل بھول کر کیا ہے

اور پھر اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے :

اے ہمارے پروردگار اگر ہم بھول جائیں یا ہم سے غلطی ہو جائے تو ہمارا مؤاخذہ نہ کرنا البقرۃ (286) .

چنانچہ اللہ سبحانہ و تعالی نے فرمایا : "میں نے ایسا کر دیا"

جیسا کہ صحیح حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خبر دی ہے

اور علماء کے صحیح قول کے مطابق جب کوئی شخص جس پر قسم کھائی گئی ہے شرط کو بھول کر کر بیٹھے یا جہالت میں کرلے تو معلق کردہ واقع نہیں ہوگی

لیکن اگر وہ عمدا اور جان بوجھ کر کرے تو علماء کے صحیح قول کے مطابق اس کے خاوند پر قسم کا کفارہ ہے ؛ کیونکہ مذکورہ شرط قسم کے حکم میں ہے " انتہی .

الاسلام سوال و جواب

128823